اپنے احباب کو ای میل کیجئے پرنٹ کیجئے بند کیجئے

Share

【レッツノートSX／NXシリーズ】
ec-club.panasonic.jp/
2013年秋冬モデルが新登場！直販なら カスタム注文可能／パナソニック

امریکا نے پاکستان میں 12 ارب 76 کروڑ فون کالز کی جاسوسی کی، عرب اخبار

سب سے زیادہ افغانستان میں 21 ارب اور بھارت میں ایک ارب سے زائد کالز ٹیپ کی گئیں، مانیٹرنگ کا تدارک کیا جاسکتا ہے، آئی ٹی ماہر

ریاض (جنگ نیوز) امریکا نے جنوری 2013ء سے جاری اپنے خفیہ جاسوسی پروگرام کے تحت دنیا بھر میں 8.124 ارب فون کالز ٹیپ کیں جن میں سے پاکستان میں ٹیپ کی جانے والی کالز کی تعداد 12 ارب 76 کروڑ ہے، جبکہ افغانستان کی فون کالز سب سے زیادہ ٹیپ کی گئیں جن کی تعداد 21 ارب 98 کروڑ بنتی ہے۔ یہ انکشاف سعودی اخبار عرب نیوز نے اپنی تازہ رپورٹ میں کیا، سعودی اخبار کی رپورٹ کے مطابق امریکا نے عراق اور سعودی عرب کی 8.7، 8.7 ارب فون کالز ٹیپ کیں جبکہ مصر کی 9.1 ارب، اردن کی 6.1 ارب، ایران کی 73.1 ارب فون کالز ٹیپ کیں جبکہ بھارت کو بھی نہ بخشتے ہوئے ایک ارب سے زائد فون کالز ریکارڈ کی گئیں۔ سعودی اخبار نے اپنی رپورٹ میں لکھا کہ سعودی عرب کی جاسوسی کے حوالے سے سرکاری حکام کا موقف دستیاب نہ ہو سکا تاہم ایک آئی ٹی ماہر آر کے حسین جو ایک فون کمپنی میں اعلیٰ عہدے پر فائز ہیں، انہوں نے بتایا کہ فون کالز ریکارڈ کرنا ایک غیر اخلاقی اقدام ہے، تاہم امریکا سمیت دنیا بھر کی خفیہ ایجنسیوں کیلئے یہ ایک معمول کی بات ہے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے